# سوال

کیا محرم کے پہلے دس دن مباشرت نہی کر سکتے؟

# جواب

محرم الحرام کے پہلے دس دنوں میں مباشرت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا محرم کے پہلے دس دنوں میں مباشرت کرنا منع ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! قرآن وحدیث میں ماہ محرم میں شادی سے ممانعت کی کوئی دلیل موجود نہیں ہے۔ یہ صرف جہلائے امت کا من گھڑت خودساختہ مسئلہ ہے۔ تاریخی شہادتوں سے یہ بات مسلمہ ہے کہ سیدنا حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت سے بہت عرصہ قبل نبی کریم ﷺ پر شریعت مکمل ہو چکی تھی، اور اس میں محرم میں شادی سے ممانعت کی کوئی دلیل موجود نہیں ہے۔ لہذا ایک عرصہ بعد اس میں تغیر وتبدل کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ہے۔ بلاشک وشبہ سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کا دن تاریخ اسلامی میں بہت ہی المناک دن ہے، لیکن اس عظیم سانحے کی وجہ سے شادی یا منگنی کو حرام کر دینے کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ ہماری شریعت میں سالانہ برسی وغیرہ کے موقعوں پر غم تازہ کرنے اور سوگ منانے کی اجازت نہیں ہے اور نہ ہی یہ کہ ان دنوں میں خوشی کا اظہار کرنا منع ہے۔ بعض اقوال کے مطابق سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نکاح سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے یکم محرم کو ہوا تھا۔ (البدایۃ والنہایۃ 3/419) ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث